سوال

(316)رطوبت کے عارضہ کے وجہ سے فجر کے وضوسے چاشت پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیامذکورہ بالاعوارض میں مبتلاعورت فجر کے وضوسے نمازچاشت پڑھ سکتی ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نہیں، یہ صحیح نہیں ہے، کیونکہ نمازچاشت کا اپنا ایک وقت ہے، تواس کا وقت شروع ہونے پر اسے نیا وضوکرنا ضروری ہے، کیونکہ یہ عورت مستحاضہ کی طرح ہے۔ اورآپ صلی اللہ علیہ وسلم نے استحاضہ والی عورت کو حکم دیا تھاکہ ہر نماز کےلیے نیا وضوکیا کرے۔

نماز ظہر کا وقت سورج ڈھلنے سے لے کر عصر تک، عصر کا وقت سورج ڈھلنے سے لے کر سورج زرد ہونے تک، اور حسب ضرورت غروب تک ہے، اور مغرب کا وقت سورج غروب ہونے سے لے کر سرخ شفق کے ختم ہونےتک، اور عشاء کا وقت سرخ شفق کے غروب ہونے سے لے کر آدھی رات تک ہے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 269

محدث فتویٰ